© rasailojaraid.com

اسلامی لٹریچر کی توزیع و اشاعت کے حوالے سے ہیں۔
The islamic Literature میں پروفیسر ظفر علی قریشی کے مضامین مارچ ۱۹۶۸ء سے ستمبر ۱۹۶۸ء تک شائع ہوئے۔
۳۔ ۱۹۶۸ء کے بعد شائع ہونے والی چند کتابوں سے بھی استفادہ کیا گیا ہے مگر مراجع کی طویل کتابیات میں ۱۹۷۳ء کے بعد شائع ہونے والی کوئی کتاب یا مقالہ شامل نہیں ہے۔
زیر نظر کتاب کے ایک حاشیے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ Prophet Muhammad and His Critics کے نام سے ایک الگ جلد مرتب کر چکے ہیں۔ اگر اس جلد کے ناشر وغیرہ کا پتہ دے دیا جاتا تو زیادہ مفید ہوتا۔

• • • • • • • • • • • • • • • •

## The Greatness of Jesus the Messiah in the Holy Quran

## (حضرت یسوع مسیح کی عظمت: قرآن کے آئینے میں)

مؤلف: بریگیڈیر (ریٹائرڈ) برکت مسیح
ناشر: عامر بک سنٹر، ۱۲۵۔ اتاترک بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔
صفحات: ۳۶
سال اشاعت: ۱۹۹۲ء
قیمت: -/۱۵ روپے

جناب برکت مسیح سالویشن آرمی کے ریٹائرڈ بریگیڈیر ہیں۔ وہ نصف صدی سے زائد عرصے سے چرچ کی خدمت کر رہے ہیں۔ اُنھوں نے مسیحی برادری کے لیے چالیس سے زائد کتابیں اور کتابچے لکھے یا ترجمہ کیے ہیں۔ زیر نظر کتابچہ اُن کی تازہ ترین کاوش ہے۔ اِس میں اُنھوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی سے متعلق قرآن مجید کی آیات کا انگریزی ترجمہ مناسب ترتیب کے ساتھ یکجا کر دیا ہے۔ حضرت مریم علیہا السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت، اُن کے القاب، معجزات اور رفع الی السماء کا ذکر کیا ہے۔
بنیادی طور پر کتابچے کا تانا بانا مسیحی عقائد پر مبنی ہے اور اسی حوالے سے قرآن کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ کتابچہ مسیحی قارئین کے لیے مفید ہے۔ البتہ اس میں بعض فنی کوتاہیوں کے ساتھ کتابت کی اغلاط کھٹکتی ہیں۔ (اختر راہی)



© rasailojaraid.com